# اسلامیات لازمی دہم

## NOTESPK Guess Papers 2023

www.notespk.com

For BsISE, Faisalabad, Lahore, Multan, Rawalpindi, Gujranwala, Sargodha, DG Khan, Sahiwal, Bahawalpur

گیس پیپرز سوالات کی اہمیت کے پیش نظر یا سابقہ پرچہ جات کو دیکھتے ہوئے محترم اساتذہ کرام کے قیاس یا تجربے پر مشتمل ہوتے ہیں۔ بہترین مارکس کے لئے جامع تیاری بہت ضروری ہے۔ گیس پیپرز کو پریکٹس کے لئے یا اہم سوالات کی نشان دہی کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ واللہ اعلم!

دنیا و آخرت کے تمام امتحانات میں کامیابی و نصرت کے لئے **اللہ رب العزت** کی طرف توجہ اور دعا بہت معنی رکھتی ہے۔ آسانیوں کے حصول کے لئے **درود شریف** کی کثرت ضرور کریں۔ آپ سب کی کامیابی کے لئے بہت ساری دعائیں۔ ہدے وسدے رہو سدا!

معروضی مکمل یاد کیجیے۔ حل شدہ معروضی، پریکٹس پیپرز اور فری نوٹس کے لیے ویب سائیٹ www.notespk.com وزٹ کیجیے۔

## سورۃ الاحزاب - رکوع 1

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَ لَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَ الْمُنٰفِقِيْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ (1) | اے پیغمبر ﷺ! خدا سے ڈرتے رہنا اور کافروں اور منافقوں کا کہنا نہ ماننا۔ بے شک خدا جاننے والا اور حکمت والا ہے۔ |
| وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰۤى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۙ (2) | اور جو (کتاب) تم کو تمہارے پروردگار کی طرف سے وحی کی جاتی ہے اسی کی پیروی کیے جانا۔ بے شک خدا تمہارے سب عملوں سے خبردار ہے۔ |
| وَّ تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا (3) | اور خدا پر بھروسہ رکھنا اور خدا ہی کارساز کافی ہے۔ |
| مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَ مَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـىٴْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَ مَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَ هُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ (4) | خدا نے کسی آدمی کے پہلو میں دو دل نہیں بنائے اور نہ تمہاری عورتوں کو جن کو تم ماں کہہ بیٹھے ہو تمہاری ماں بنایا اور نہ تمہارے لے پالکوں کو تمہارے بیٹے بنایا یہ سب تمہارے منہ کی باتیں ہیں اور خدا تو سچی بات فرماتا ہے اور وہی سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔ |
| اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآىٕهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْۤا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَ مَوَالِيْكُمْ ؕ وَ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَاۤ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَ لٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (5) | مومنو! لے پالکوں کو انکے (اصل) باپوں کے نام سے پکارا کرو کہ خدا کے نزدیک یہی درست بات ہے، اگر تم کو ان کے باپوں کے نام معلوم نہ ہوں تو دین میں تمہارے بھائی اور دوست ہیں اور جو بات تم سے غلطی سے ہو گئی ہو اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں لیکن جو قصدِ دلی سے کرو (اس پر مواخذہ ہے) اور خدا بخشنے والا مہربان ہے۔ |
| اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ اَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ وَ اُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّاۤ اَنْ تَفْعَلُوْۤا اِلٰۤى اَوْلِيٰٓىٕكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا (6) | پیغمبر ﷺ مومنو پر ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق رکھتے ہیں اور پیغمبر ﷺ کی بیویاں ان کی مائیں ہیں اور رشتہ دار آپس میں کتاب اللہ کی رو سے مسلمانوں اور مہاجروں سے ایک دوسرے (کے ترکے) کے زیادہ حق دار ہیں، مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں سے احسان کرنا چاہو (تو اور بات ہے) یہ حکم کتاب (یعنی قرآن) میں لکھ دیا گیا ہے۔ |

## رکوع 2

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا (9) | مومنو! خدا کی اس مہربانی کو یاد کرو جو (اس نے) تم پر (اس وقت کی) جب فوجیں تم پر (حملہ کرنے کو) آئیں تو ہم نے ان پر ہوا بھیجی اور ایسے لشکر (نازل کیے) جن کو تم نہیں دیکھ سکتے تھے اور جو کام تم کرتے ہو خدا ان کو دیکھ رہا ہے۔ |
| اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَ مِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَ اِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَ بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَ تَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا (10) | جب تمہارے اوپر اور نیچے کی طرف سے تم پر چڑھ آئے اور جب آنکھیں پھر گئیں اور دل (مارے دہشت کے) گلوں تک پہنچ گئے اور تم خدا کی نسبت طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔ |
| هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَ زُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا (11) | وہاں مومن آزمائے گئے اور سخت طور پر ہلائے گئے۔ |
| وَ لَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ وَ كَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْـُٔوْلًا (15) | حالانکہ پہلے خدا سے اقرار کر چکے تھے، کہ پیٹھ نہیں پھریں گے اور خدا سے (جو) اقرار (کیا جاتا ہے اس) کی ضرور پرسش ہوگی۔ |
| قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَ اِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا (16) | کہہ دو کہ اگر تم مرنے یا مارے جانے سے بھاگتے ہو تو بھاگنا تم کو فائدہ نہیں دے گا اور اس وقت تم بہت ہی کم فائدہ اٹھاؤ گے۔ |
| اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖۚ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ؕ وَ كَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا (19) | (یہ اس لیے کہ) تمہارے بارے میں بخل کرتے ہیں۔ پھر جب (ڈر کا وقت) آئے تو تم انکو دیکھو کہ تمہاری طرف دیکھ رہے ہیں (اور) انکی آنکھیں (اسی طرح) پھر رہی ہیں جیسے کسی کو موت سے غشی آ رہی ہو۔ پھر جب خوف جاتا رہے تو تیز زبانوں کے ساتھ تمہارے بارے میں زبان درازی کریں اور مال میں بخل کریں۔ یہ لوگ (حقیقت میں) ایمان لائے ہی نہ تھے، تو خدا نے انکے اعمال برباد کر دئے اور یہ خدا کو آسان تھا۔ |
| يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَ اِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ؕ وَ لَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْۤا اِلَّا قَلِيْلًا (20) | (خوف کے سبب) خیال کرتے ہیں کہ فوجیں نہیں گئیں اور اگر لشکر آ جائیں تو تمنا کریں کہ (کاش) گنواروں میں جا رہیں اور تمہاری خبریں پوچھا کریں اور اگر تمہارے درمیان ہوں تو لڑائی نہ کریں مگر کم۔ |

## رکوع 3

| | |
|---|---|
| لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَ الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَ ذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا (21) | تم کو پیغمبر خدا ﷺ کی پیروی (کرنی) بہتر ہے (یعنی) اس شخص کو جسے خدا (سے ملنے) اور روزِ قیامت (کے آنے) کی امید ہو اور وہ خدا کا کثرت سے ذکر کرتا ہو۔ |
| وَ اَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَ دِيَارَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ وَ اَرْضًا لَّمْ تَطَـُٔوْهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا (27) | اور انکی زمین اور انکے گھروں اور انکے مال اور اس زمین کا جس میں تم نے پاؤں بھی نہیں رکھا تھا، تم کو وارث بنا دیا اور خدا ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ |

## رکوع 4

| | |
|---|---|
| وَ مَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ تَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَاۤ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَ اَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا (31) | اور تم میں سے خدا اور اسکے رسول ﷺ کی فرمانبردار رہے گی اور عمل نیک کرے گی اسکو ہم دونا ثواب دیں گے اور اسکے لئے ہم نے عزت کی روزی تیار کر رکھی ہے۔ |
| وَ قَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَ لَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَ اَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَ اَطِعْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا (33) | اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور جس طرح (پہلے) جاہلیت (کے دنوں) میں اظہار تجمل کرتی تھیں اس طرح زینت نہ دکھاؤ اور نماز پڑھتی رہو اور زکوٰۃ دیتی رہو اور خدا اور اسکے رسول ﷺ کی فرمانبرداری کرتی رہو۔ اے (پیغمبر ﷺ کے) اہل بیت خدا چاہتا ہے کہ تم سے ناپاکی (کا میل کچیل) دور کر دے اور تمہیں بالکل پاک صاف کر دے۔ |

## رکوع 5

| | |
|---|---|
| وَ مَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّ لَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَ مَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ؕ(36) | اور کسی مومن مرد اور مومن عورت کو حق نہیں ہے کہ جب خدا اور اسکا رسول ﷺ کوئی امر مقرر کر دیں تو وہ اس کام میں اپنا بھی کچھ اختیار سمجھیں، اور جو کوئی خدا اور اسکے رسول ﷺ کی نافرمانی کرے وہ صریح گمراہ ہو گیا۔ |
| مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَ كَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ۨ ۙ(38) | پیغمبر ﷺ پر اس کام میں کچھ تنگی نہیں جو خدا نے انکے لئے مقرر کر دیا جو لوگ پہلے گزر چکے ہیں ان میں بھی خدا کا یہی دستور رہا ہے اور خدا کا حکم ٹھہر چکا ہے۔ |
| الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَ يَخْشَوْنَهٗ وَ لَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا(39) | اور جو خدا کے پیغام (جوں کہ توں) پہنچاتے اور اس سے ڈرتے ہیں اور خدا کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے اور خدا ہی حساب کرنے کو کافی ہے۔ |
| مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَاۤ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَ لٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۧ(40) | محمد ﷺ تمہارے مردوں میں کسی کے والد نہیں بلکہ خدا کے پیغمبر اور نبیوں کی (نبوت) مہر (یعنی اسکو ختم کر دینے والے) ہیں اور خدا ہر چیز سے واقف ہے۔ |

# رکوع 6

| | |
|---|---|
| هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَ مَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَ كَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا(43) | جو تم پر رحمت بھیجتا اور اسکے فرشتے بھی تاکہ تم کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائیں اور خدا مومنوں پر مہربان ہے۔ |
| يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا ۙ(45) | اے پیغمبر ﷺ! ہم نے تم کو گواہی دینے والا اور خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے |
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَ سَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا(49) | مومنوں جب تم مومن عورتوں سے نکاح کر کے ان کو ہاتھ لگانے سے (یعنی انکے پاس جانے) سے پہلے طلاق دیدو تو تم کو کچھ اختیار نہیں کہ ان سے عدت پوری کراؤ انکو کچھ فائدہ (یعنی خرچ) دے کر اچھی طرح رخصت کرو۔ |

# رکوع 7

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (56) | خدا اور اسکے فرشتے پیغمبر پر درود بھیجتے ہیں، مومنو! تم بھی ان پر درود و سلام بھیجا کرو۔ |
| اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا (57) | جو لوگ خدا اور اسکے پیغمبر کو رنج پہنچاتے ہیں ان پر خدا دنیا اور آخرت میں لعنت کرتا ہے، اور ان کیلئے اس نے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ |

# رکوع 8

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَ بَنٰتِكَ وَ نِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (59) | اے پیغمبر ﷺ! اپنی بیویوں، اور بیٹیوں، اور مسلمان عورتوں سے کہہ دو کہ (باہر نکلا کریں تو) اپنے (مونہوں) پر چادر لٹکا (کر گھونگھٹ نکال) لیا کریں یہ امر ان کے لیے موجبِ شناخت (وامتیاز) ہو گا، تو کوئی انکو ایذا نہ دے گا۔ اور خدا بخشنے والا مہربان ہے۔ |

# رکوع 9

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ وَ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ؕ(69) | مومنو! تم ان لوگوں جیسا نہ ہونا جنہوں نے موسیٰ کو (عیب لگا کر) رنج پہنچایا تو خدا نے انکو بے عیب ثابت کیا، اور وہ خدا کے نزدیک آبرو والے تھے۔ |

Free PDF Test Series, MCQs, Papers & Notes Are Available At: www.notespk.com

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا (70) | مومنو! خدا سے ڈرا کرو اور بات سیدھی کہا کرو۔ |

# سورۃ الممتحنہ - رکوع 1

| | |
|---|---|
| اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّيَبْسُطُوْۤا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ؕ (2) | اگر یہ کافر تم پر قدرت پالیں تو تمہارے دشمن ہو جائیں، اور ایذا کیلئے تم پر ہاتھ (بھی) چلائیں اور زبانیں (بھی)، اور چاہتے ہیں کہ تم کسی طرح کافر ہو جاؤ۔ |
| لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ (3) | قیامت کے دن نہ تمہارے رشتے ناطے کام آئیں گے اور نہ اولاد۔ اور اس روز وہی تم میں فیصلہ کرے گا، اور جو کچھ تم کرتے ہو، خدا اس کو دیکھتا ہے۔ |
| قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗۤ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَاۤ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ (4) | تمہیں ابراہیم علیہ السلام اور ان کے رفقاء کی نیک چال چلنی (ضرور) ہے، جب انہوں نے اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ ہم تم سے اور ان (بتوں) سے جنکو تم خدا کے سوا پوجتے ہو بے تعلق ہیں، (اور) تمہارے (معبودوں کے کبھی) قائل نہیں (ہو سکتے)، اور جب تک تم خدائے واحد پر ایمان نہ لاؤ ہم میں تم میں ہمیشہ کھلم کھلی عداوت اور دشمنی رہے گی، ہاں ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ سے یہ (ضرور) کہا کہ میں آپ کیلئے مغفرت مانگوں گا اور میں خدا کے سامنے آپ کے بارے میں کسی چیز کا کچھ اختیار نہیں رکھتا۔ اے ہمارے پروردگار! تجھ ہی پر ہمارا بھروسہ ہے اور ہم تیری ہی طرف رجوع کرتے ہیں۔ اور تیرے ہی حضور (ہمیں) لوٹ جانا ہے۔ |
| رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (5) | اے ہمارے پروردگار! ہمیں کافروں کے ہاتھ سے عذاب نہ دلانا۔ اور اے پروردگار! ہمارے ہمیں معاف فرما، بیشک تو غالب حکمت والا ہے۔ |
| لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ (6) | تم مسلمانوں کو یعنی جو کوئی خدا (کے سامنے جانے) اور روزِ آخرت (کے آنے) کی امید رکھتا ہو، اُسے ان لوگوں کی نیک چال چلنی (ضرور) ہے، اور جو روگردانی کرے تو خدا بھی بے پروا اور سزاوارِ حمد و ثناء ہے۔ |

# رکوع 2

| | |
|---|---|
| عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (7) | عجب نہیں کہ خدا تم میں اور ان لوگوں مین جن سے تم دشمنی رکھتے ہو دوستی پید کردے اور خدا قادر ہے اور خدا بخشنے والا مہربان ہے۔ |
| اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰۤى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (9) | خدا انہی لوگوں کے ساتھ تم کو دوستی کرنے سے منع کرتا ہے جنہوں نے تم سے دین کے بارے میں لڑائی کی اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہارے نکالنے میں اوروں کی مدد کی تو جو لوگ ایسوں سے دوستی کریں گے وہی ظالم ہیں۔ |
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ وَاٰتُوْهُمْ مَّاۤ اَنْفَقُوْا ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَاۤ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْئَلُوْا مَاۤ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْئَلُوْا مَاۤ اَنْفَقُوْا ؕ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (10) | مومنو! جب تمہارے پاس مومن عورتیں وطن چھوڑ کر آئیں تو ان کی آزمائش کر لو (اور) خدا تو انکے ایمان کو خوب جانتا ہے۔ سو اگر تم کو معلوم ہو کہ مومن ہیں تو ان کو کفار کے پاس واپس نہ بھیجو، کہ نہ یہ انکو حلال ہیں اور نہ وہ ان کو جائز، اور جو کچھ انہوں نے (ان پر) خرچ کیا ہو وہ انکو دیدو، اور تم پر کچھ گناہ نہیں کہ ان عورتوں کو مہر دے کر ان سے نکاح کر لو، اور کافر عورتوں کی ناموس کو قبضے میں نہ رکھو (یعنی کفار کو واپس دیدو) اور جو کچھ تم نے ان پر خرچ کیا ہو تم ان سے طلب کر لو، اور جو کچھ انہوں نے (اپنی عورتوں پر) خرچ کیا ہو وہ تم سے طلب کر لیں، یہ خدا کا حکم ہے جو تم میں فیصلہ کیے دیتا ہے۔ اور خدا جاننے والا حکمت والا ہے۔ |

کوشش کریں کے سورۃ الممتحنہ کے پہلے دو رکوع اور سورۃ الاحزاب کے پہلے چار رکوع مکمل یاد کریں۔

notespk.com

# مختصر جوابی سوالات (قرآنی آیات)

(1) سورۃ الاحزاب میں جن چار پیغمبروں سے عہد لینے کا ذکر ہے۔ان کے نام لکھئے۔

(2) سورۃ الاحزاب کی پہلی آیت میں حضور ﷺ کو کس بات کی تلقین کی گئی ہے؟

(3) منہ بولے بیٹے سے کیا مراد ہے؟

(4) وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا کا ترجمہ کیجئے۔

(5) غزوہ احزاب میں کافروں کی تعداد کتنی تھی؟

(6) ترجمہ کریں: اُولُوا الْاَرْحَامِ ۔ جَوْفِ

(7) سورۃ الاحزاب میں کن باتوں کو منہ کی باتیں کہا گیا ہے؟

(8) معنی تحریر کریں: اَلْاَعْرَابِ ۔ حِدَادٍ

(9) سورۃ الاحزاب کے دو احکامات تحریر کیجیے۔

(10) معانی لکھئے: اَقْسَطُ ۔ مَسْطُوْرًا

(11) ترجمہ کیجیے: اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ۔

(12) غزوہ احزاب میں اہل ایمان کو اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت کیسے حاصل ہوئی؟

(13) سورۃ الاحزاب میں نبی اکرم ﷺ کو ایذا پہنچانے والوں کی کیا سزا بیان کی گئی ہے؟

(14) آزمائش کی گھڑیوں میں اہلِ ایمان اور منافقین کا طرز عمل کیا تھا؟

(15) منافقین مدینہ کو کیا تنبیہ کی گئی ہے اور انہیں کیا وعید سنائی گئی ہے؟

(16) غزوہ احزاب میں منافقین کے کردار کی وضاحت کیجیے۔

(17) مفہوم تحریر کیجیے: اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ

(18) اہل کتاب میں سے جن لوگوں نے کافروں کا ساتھ دیا ان کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟

(19) ترجمہ کیجیے: صَيَاصِيْهِمْ ، ظَاهَرُوْا

(20) ترجمہ کیجیے: وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ۔

(21) ترجمہ کیجیے: لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

(22) ترجمہ کیجئے: وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ

(23) ازواجِ مطہرات کو سورۃ الاحزاب کے چوتھے رکوع میں کیا ہدایات دی گئی ہیں؟(احکام وآداب کی تلقین)

(24) اللہ تعالیٰ نے ازواجِ النبی ﷺ کو کن دو باتوں میں سے کسی ایک کو اختیار کرنے کے بارے میں کیا فرمایا؟

(25) سورۃ الاحزاب میں دی گئی ختم نبوت والی آیت کا ترجمہ لکھئے۔

(26) سورۃ الاحزاب کی روشنی میں مسلمان مردوں اور عورتوں کے جو اوصاف بیان ہوئے ہیں ان میں سے چار اوصاف تحریر کیجئے۔(notespk.com)

(27) خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ سے کیا مراد ہے؟ مختصراً وضاحت کیجیے۔

(28) سورۃ الاحزاب کی آیات میں رسول پاک ﷺ کے لئے نکاح کے کیا خصوصی ضوابط بیان کیے گئے ہیں؟

(29) معنی تحریر کیجئے: تُخْفِيْ ۔ تُؤْوِيْ ۔ تُرْجِيْ

(30) سورۃ الاحزاب میں اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کا کیا مقام و منصب بیان کیا ہے؟

(31) معانی لکھئے: فَامْتَحِنُوْهُنَّ، نَذِيْرًا

(32) شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا کس نبی کے اوصاف ہیں؟

(33) ترجمہ کیجیے: وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ط

(34) ترجمہ کیجیے: وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا

(35) معنی تحریر کیجیے: ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ۔ عَزَلْتَ

(36) سورۃ الاحزاب میں رسول اللہ ﷺ کی کون سی صفات کا ذکر کیا گیا ہے؟

(37) رسول اکرم ﷺ کے ہاں کھانے کی دعوت پر آنے والوں کو کن آداب کی تلقین کی گئی ہے؟/اہل ایمان کو رسول اللہ ﷺ کے گھرانے کے بارے میں کیا ادب سکھایا گیا ہے؟(notespk.com)

(38) سورۃ الاحزاب میں نبی کریم ﷺ پر درود سلام کی اہمیت بیان کیجیے۔

(39) سورۃ الاحزاب میں مومن عورتوں کو پردے کے بارے میں کیا ہدایات دی گئی ہیں؟(notespk.com)

(40) معانی تحریر کیجئے: جَلَابِيْبَ ، اَلْمُرْجِفُوْنَ

(41) ترجمہ کیجیے: وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا

(42) قَوْلًا سَدِيْدًا کا مفہوم بتایئے۔

(43) معنی لکھئے: بَرَّاَ ۔ اَشْفَقْنَ

(44) ترجمہ کیجیے: قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا

(45) معانی تحریر کیجئے: عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ، غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

(46) سورۃ الممتحنہ میں مسلمانوں کو کفار کے ساتھ دوستی رکھنے سے کیوں منع کیا گیا؟

(47) معنی تحریر کیجئے: اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ

(48) تُسِرُّوْنَ اور عِصَمِ کے معنی لکھئے۔

(49) اہل ایمان کا اسلام دشمن کافروں کے ساتھ کیا رویہ ہونا چاہیے؟

(50) سورۃ الممتحنہ میں کن لوگوں کو دوست نہ بنانے کا کہا گیا ہے؟/کن لوگوں کو ظالم کہا گیا ہے؟

(51) معنی لکھئے: مَوَدَّةٌ ۔ لَا جُنَاحَ

(52) نبی کریم ﷺ کو مومن عورتوں سے کن باتوں پر بیعت لینے کے لئے کہا گیا ہے؟

Free PDF Test Series, MCQs, Papers & Notes Are Available At: www.notespk.com

(53) سورۃ الممتحنہ کی آیات کی روشنی میں بتائیے کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح کے کفار کے ساتھ عدل واحسان کی اجازت دی ہے؟

(54) فَامۡتَحِنُوۡهُنَّ سے کیا مراد ہے؟

(55) سورۃ الاحزاب میں ہمارے لئے کون سا اسوہ حسنہ ہے؟اور کیوں؟

(56) اللہ تعالیٰ نے ہجرت کر کے آنے والی مومن عورتوں کے بارے میں اہل ایمان کو کیا تلقین فرمائی ہے؟

(57)سورۃ الاحزاب میں نبی کریم ﷺ پر درود سلام کی اہمیت بیان کیجیے۔(58)عورت کو اجنبی سے بات کیسے کرنی چاہیے؟/اسلام عورت کا اجنبی مرد سے نرم لہجے میں بات کرنے کو کس نظر سے دیکھتا ہے؟(59) کس صورت میں مطلقہ کو عدت گزارنے کی ضرورت نہیں؟/کون سی طلاق میں عدت نہیں ہوتی۔(60)عورتوں کے پردہ کرنے میں کیا حکمت ہے؟/مسلم معاشرے میں "پردے" کے ذریعے فحاشی پر کس حد تک قابو پایا جاسکتا ہے؟/پردے کے معاشرتی اثرات تحریر کیجئے۔(notespk.com)

## مختصر جوابی سوالات (احادیث مبارکہ)

(1) ماہِ رمضان کی فضیلت بیان کیجئے۔

(2) حضرت محمد ﷺ نے حج کے دوران کن آداب (یا اوصاف) کی تلقین فرمائی ہے؟(notespk.com)

(3) "خیر الناس" بننے کا بہترین طریقہ بیان کیجئے۔

(4) حدیث کے مطابق دنیا میں کون سب سے اچھا ہے؟

(5) ترجمہ کیجئے: اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیۡنِ

(6) حج کن لوگوں پر فرض ہے؟/حج زندگی میں کتنی بار فرض ہے؟

(7) روزہ کے بارے میں کسی ایک حدیث کا ترجمہ تحریر کیجئے۔(روزہ دار کے لیے دو خوشیوں کا بیان)

(8) لوگوں کو نفع رسانی کے بارے میں حدیث تحریر کیجئے۔

(9) نماز کھڑی ہو جائے تو مسجد کی طرف کیسے آنا چاہیے؟

(10) حدیث کے مطابق نگہبان سے کیا مراد ہے؟/نگہبان کس بات کا جواب دہ ہے؟/اچھا نگہبان کون ہوتا ہے؟

(11) رمضان کے روزوں اور عبادت کے حوالے سے حدیث کا ترجمہ لکھئے۔

(12) حضور ﷺ نے نماز اور دین کا باہمی تعلق کس طرح بیان کیا ہے؟

(13) جمعہ کے خطبہ کے دوران گردنیں پھلانگنے والے کو کیا وعید سنائی گئی ہے؟/کس عمل کو جہنم کی طرف پُل بنانے سے تشبیہ دی گئی ہے؟/آدابِ مجلس/آدابِ جمعہ کے بارے میں ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں۔

(14) حج کا اہم ترین رکن کونسا ہے؟/مناسکِ حج سے کیا مراد ہے؟

(15) جمعہ کے دن کو باقی دنوں کے مقابلے میں کیا فضیلت حاصل ہے؟/نماز جمعہ کی اہمیت کیا ہے؟/نمازِ جمعہ کے آداب کیا ہیں؟

(16) نماز کی اہمیت کے بارے میں ایک حدیث تحریر کیجئے۔/دینِ اسلام میں نماز کی کیا اہمیت ہے؟/نماز کا دین میں کیا مرتبہ ہے؟ نماز چھوڑنے والے کے متعلق آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟/کون سا عمل اللہ اور بندے کے درمیان تعلق کمزور کرتا ہے؟

(17) کون سا عمل اللہ اور بندے کے درمیان تعلق قائم کرتا ہے؟/مومن کی معراج کیا ہے؟

(18) اللہ کی راہ میں قدم غبار آلود ہونے سے کیا مراد ہے؟

(19) حج کے بارے میں حدیث میں بیان کی گئی فضیلت تحریر کیجئے۔

(20) اللہ کی راہ میں نکلنے والے کے لئے حدیث میں کیا خوشخبری سنائی گئی ہے؟/اللہ تعالیٰ نے کس کو آگ پر حرام کر دیا ہے؟

(21) خطبہ جمعہ کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟/جمعہ کے خطبہ سے ہمیں کیا رہنمائی ملتی ہے؟

(22) جماعت کے ساتھ نماز میں شریک ہونے کے آداب تحریر کیجئے۔/اگر کوئی شخص تکبیر اولیٰ سے رہ جائے تو اُسے نماز میں کیسے شامل ہونا چاہیے؟/تکبیر اولیٰ میں شرکت کے آداب بیان کریں۔اگر باجماعت نماز میں کوئی رکعت رہ جائے (چھوٹ جائے) تو کیا کرنا چاہیے؟

(23) کس روزہ دار کے تمام گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں؟/کن دو شرائط کے ساتھ روزے رکھنے سے سابقہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں؟/حدیث کے مطابق رمضان کے روزے کی قبولیت کی کون سی دو شرائط ہیں؟

(24) روزہ کے دو فوائد تحریر کیجئے۔؟/رمضان کے روزوں کے فوائد و ثمرات (فضیلت) کیا ہیں؟

(25) ماہِ رمضان کو اتنی فضیلت کیسے ملی؟ روزہ کیسی عبادت ہے؟ رمضان کو افضل مہینہ کیوں کہا گیا ہے؟

(26) حضرت محمد ﷺ نے حج کے دوران کن آداب (یا اوصاف) کی تلقین فرمائی ہے؟/حج ادا کرنے کے آداب تحریر کریں۔/حج کے موقع پر کس بات کا اہتمام ضروری ہے؟(notespk.com)

(27) خَیۡرُ النَّاسِ مَنۡ یَّنۡفَعُ النَّاسَ کا ترجمہ کیجئے۔

(28) دینِ اسلام کو کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے؟

(29) نماز جمعہ کے آداب کیا ہیں؟/خطبہ جمعہ میں دیر سے آنے والوں کو کہاں بیٹھنا چاہیے؟/خطبہ جمعہ کے دوران آدابِ مجلس کیا ہیں؟

(30) مؤذن کون سی دو گواہیاں مانگتا ہے؟

## مختصر جوابی سوالات (موضوعاتی مطالعہ)

(1) غسل کا صحیح طریقہ تحریر کیجئے۔/غسل کرنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟ غسل کرنا کن مواقع پر مسنون ہے؟/نبی کریم ﷺ نے نہانے کی ترغیب کیسے دی؟

(2) طہارت کے بارے میں ایک حدیث کا ترجمہ لکھئے۔

(3) غسل کے فرائض تحریر کیجئے۔ غسل کے دوران کن چیزوں سے اجتناب ضروری ہے؟/غسل کے آداب کیا ہیں؟/غسل کے احکامات تحریر کریں۔

(4) وضو کے فرائض تحریر کیجئے۔(notespk.com)

(5) غسل کے مقاصد تحریر کیجئے۔

(6) کن کن مواقع پر غسل کرنا سنت ہے؟/فرض غسل اور مسنون غسل میں فرق تحریر کریں۔

(7) جمعہ کے دن غسل کی کیا اہمیت ہے؟

(8) کپڑوں کو پاک صاف رکھنے کے حوالے سے قرآنی آیت کا ترجمہ لکھئے۔

(9) وضو کس وقت ضروری ہے؟

(10) طہارت سے متعلق حدیث مبارکہ کا ترجمہ تحریر کیجیے۔

(11) شکر کے کیا معنی ہیں؟

(12) شکر ادا کرنے کے تین طریقے لکھئے۔

(13) صبر کا لغوی معنی اور اصطلاحی مفہوم تحریر کیجیے۔

(14) قرآن مجید نے رشتہ ازدواج کو "احصان" کیوں قرار دیا؟

(15) اللہ تعالیٰ کے نزدیک عائلی زندگی کا کیا مقصد ہے؟

(16) اولاد کے دو حقوق تحریر کیجئے۔

(17) عائلی زندگی سے کیا مراد ہے؟ عائلی زندگی کی بنیاد کیا ہے؟ اس کے ارکان تحریر کریں۔/خاندانی نظام کے دو اہم ستون کون کون سے ہیں؟

(18) اہل خانہ سے حسن سلوک سے متعلقہ حدیث مبارکہ کا ترجمہ لکھئے۔

(19) اچھے خاوند کی چار خصوصیات بیان کیجئے۔ یا خاوند کے فرائض بیان کیجیے۔

(20) بیوی کے دو فرائض بیان کیجیے۔

(21) جہاد کی اقسام تحریر کیجئے۔

(22) کون سے جہاد کو سب سے اعلیٰ کہا گیا ہے؟

(23) جہاد بالعلم کا مفہوم بیان کیجیے۔

(24) جہاد بالنفس سے کیا مراد ہے؟

(25) عورتوں کے حقوق کے بارے میں آپ ﷺ کا فرمان لکھئے۔

(26) خطبۂ الوداع میں امانت کے بارے میں کیا فرمایا گیا ہے؟

(27) حضور ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع میں وصیت کرنے والے کے بارے میں کیا فرمایا؟

(28) یتیم کے دو حقوق تحریر کیجئے۔

(29) اللہ تعالیٰ نے فضیلت اور برتری کا کیا معیار بیان فرمایا ہے؟/اللہ تعالیٰ کی نظر میں زیادہ عزت والا کون ہے؟/رنگ و نسل کی بجائے تقویٰ فضیلت کی معیار کیسے ہے؟

(30) حقوق العباد سے کیا مراد ہے؟(notespk.com)

(31) مساواتِ انسانی کے حوالے سے آپ ﷺ کا فرمان تحریر کیجئے۔

(32) حقوق کی کتنی اقسام ہیں؟(notespk.com)

(33) ہمسائے کے حقوق کے بارے میں آپ ﷺ نے خاص طور پر کیا تاکید فرمائی؟

(34) تکلیف یا مصیبت کے وقت اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر کیا کرنا چاہیے؟/ہمیں خوشحالی اور تنگدستی میں کون سا طرزِ عمل اختیار کرنا چاہیے؟

(35) ہجرت کرنے والوں کو کیا اجر و ثواب ملے گا؟/اللہ تعالیٰ اُن لوگوں کو کیا اچھی خبر دیتا ہے جو اُس کی خاطر اپنے گھر چھوڑتے ہیں؟

(36) خطبہ حجۃ الوداع میں ہمارے لیے کیا سبق موجود ہے؟

(37) بیماروں کے دو حقوق تحریر کریں۔/بیمار کو کون سا حق دیا گیا؟

(38) اچھی اولاد کے طور پر آپ اپنے والدین کا کیا خیال کیسے رکھتے ہو؟ کوئی سے چار کام لکھیے۔

# تفصیلی جوابی سوالات (موضوعاتی مطالعہ)

نوٹ: سرخ رنگ میں دیے گیے سوالات عام طور پر پوچھے گیے سوالات سے الگ انداز میں پوچھے گئے ہیں، ان سوالات کو اور ان کے انداز کو ضرور ذہین نشین کریں۔

**باب 5** 1۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں طہارت پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔ 2۔ وضو کا طریقہ بیان کیجیے۔

3۔ غسل کرنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟ 4۔ طہارت کے کیا فوائد ہیں؟ (جسمانی طہارت کے ذریعے آپ اپنی جسمانی صحت کیسے بہتر کر سکتے ہیں؟/گھر میں سے بڑا ہوتے ہوئے آپ اپنے گھر کے دوسرے افراد کو طہارت اپنانے کے لیے کس طرح مائل کریں گے؟)

**باب 6** 1۔ اسلامی تعلیمات میں صبر کی ترغیب کیوں دی گئی ہے؟/قرآن و حدیث کی روشنی میں صبر کی اہمیت بیان کریں۔(زندگی کے کوئی سے چار مواقع بیان کیجیے جہاں صبر کی ضرورت ہوتی ہے۔)/ (مصیبت کے وقت آپ اِس کا مقابلہ کیسے کرتے ہیں؟)

notespk.com
NOTESPK

2۔قرآن وسنت میں شکر کی کیا اہمیت ہے؟ ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر کن معاملات میں کرنا چاہیے؟

**باب 7** 1۔عائلی زندگی سے کیا مراد ہے؟ موجودہ دور کے خوشگوار تعلقات کے لیے کوئی سے آٹھ اقدامات لکھیے۔ 2۔خاندانی نظام کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ 3۔زَوجین کے ایک دوسرے پر کیا حقوق ہیں؟ اولاد کے حقوق: (مستقبل میں آپ والدین کے طور پر اپنے فرائض کیسے ادا کریں گے؟/ بطور والدین آپ کی معاشرتی ذمہ داریاں کیا ہیں؟)

**باب 8** 1۔ہجرت سے کیا مراد ہے۔سورہ نساء میں ہجرت کے بارے میں کیا حکم آیا ہے؟ / عصر حاضر میں ہجرت کی صورتیں کیا ہو سکتی ہیں؟

2۔جہاد سے کیا مراد ہے؟اس کی مختلف اقسام تفصیل سے بیان کریں۔ (جہاد بالنفس سے کیا مراد ہے؟آپ اپنے نفس سے کیسے جہاد کر سکتے ہیں؟) 3۔جہاد کے فضائل بیان کیجیے۔(دنیا میں قیامِ امن کے لیے جہاد کی اہمیت بیان کریں۔)/(آپ علم اور مال کے ساتھ جہاد میں کس طرح حصہ لے سکتے ہیں؟)/(طالبِ علم کی حیثیت سے آپ جہاد کیسے کر سکتے ہیں؟)

**باب 9** 1۔انسانی مساوات پر ایک جامع نوٹ تحریر کریں۔2۔نوٹ لکھیں: عورتوں کے حقوق وفرائض،ہمسائے کے حقوق،والدین کے حقوق وفرائض (خطبہ حجۃ الوداع کی روشنی میں عورت ایک مثالی خاتون کیسے بن سکتی ہے؟/ حقوق العباد کا دائرہ کار کیا؟آپ خطبہ حجۃ الوداع کی روشنی میں عورتوں کے حقوق کیسے ادا کریں گے؟)/(خطبہ حجۃ الوداع میں ہم سب کے لئے کیا تربیت موجود ہے؟)

# PAPER PATTERN 10th Islamiyat Compulsory

| | |
|---|---|
| **حصہ معروضی کل نمبر:10 وقت:15 منٹ** | |
| سوال نمبر 1 | کثیر الانتخابی سوالات (10 نمبر) |
| **حصہ انشائی کل نمبر:40 وقت:01:45 گھنٹا** | |
| سوال نمبر 2۔(سورۃ الاحزاب + سورۃ الممتحنہ) | 9 اجزا میں سے کوئی سے 6 اجزا کے مختصر جوابات لکھیں۔(12 نمبر) |
| سوال نمبر 3۔(احادیث مبارکہ + موضوعاتی مطالعہ) | 9 اجزا میں سے کوئی سے 6 اجزا کے مختصر جوابات لکھیں۔(12 نمبر) |
| سوال نمبر 4۔(سورۃ الاحزاب + سورۃ الممتحنہ) | تین قرآنی آیات میں سے دو کا ترجمہ لکھیں۔(4+4 نمبر) |
| سوال نمبر 5۔(احادیث مبارکہ) | دی گئی حدیث مبارکہ کا ترجمہ اور تشریح لکھیں۔(1+2 نمبر) |
| سوال نمبر 6۔(موضوعاتی مطالعہ) | دو سوالات میں سے کسی ایک کا جواب لکھیں۔(05 نمبر) |

COMPILED BY: **NAUMAN SADAF**

**السلامُ علیکم ورحمتہ اللہ!**

جماعت دہم کے فری مگر معیاری اور جامع نوٹس، معروضی، بورڈ پیپرز، ٹیسٹ سیریز، گیس پیپرز، پیٹرن پیپرز پیئرنگ سکیمز ہماری ویب سائیٹ نوٹس پی کے سے ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔اگر اس فائل کو آپ سمجھتے ہیں کہ تعلیم یا طالبِ علموں کے لئے فائدہ مند ہے تو ہماری حوصلہ افزائی کے لیے، گوگل میں Guss Papers NOTESPK نہم، سرچ کریں، آپ کو دہم جماعت کے معیاری تعلیمی مواد کے لنکس آسانی سے مل جائیں گے۔ فرسٹ ائیر، سیکنڈ ائیر اور دیگر کلاسز کا تعلیمی ڈیٹا بھی نوٹس پی کے پر دستیاب ہے۔